احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز ۴۰۔بی
اردو بازار لاہور

نام کتاب ــــــــــ احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ــــــــــ اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی
ترجمہ عربی ــــــــــ محمد اول قادری چشتی
دیباچہ سوانح مصنف ــــ عالم فقری
تعداد طبع اول ــــــــــ ایک ہزار
سال طباعت ــــــــــ ۱۹۸۴ء
زیر نگرانی ــــــــــ جناب حاجی انور اختر صاحب

شبیر برادرز
ناشر ــــــــــ
اردو بازار لاہور

قیمت ــــــــــ ۵۷/- روپے

مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

زائرین کے لیے ہوں تو اچھا ہے مگر قبر سے جدا ہوں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۱۔ زندہ بزرگوں کا وصال یافتہ بزرگوں سے ہم کلام ہونا

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ظاہر ولی اللہ یعنی زندہ اور صاحب مزار ولی اللہ کے مابین ظاہر طریقہ سے ہم کلام ہونے کی کوئی خبر ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب

بکثرت ہیں کہ امام جلال الدین سیوطی کی شرح الصدور وغیرہ میں مذکور ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۲۔ اسمائے مبارکہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اللہ عزوجل کے کتنے نام ہیں اور شہنشاہ دوجہان صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے؟ بینوا توجروا۔

الجواب

اللہ عزوجل کے ناموں کا شمار نہیں کہ اُس کی شانیں غیر محدود ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسمائے پاک بھی بکثرت ہیں کہ کثرت اسماء شرف مسمی سے ناشی ہے۔ آٹھ سو سے زیادہ مواہب وشرح مواہب میں ہیں اور فقیر نے تقریباً چودہ سو پائے اور حصر ناممکن۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۳۔ سورت فاتحہ اور سورت اخلاص میں مدحتِ رسول

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ سورۂ فاتحہ وسورۂ اخلاص میں خدا ہی کی تعریف ہے یا رسول اللہ کی بھی؟ بینوا توجروا۔

الجواب

سورہ فاتحہ میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صریح مدح ہے الصراط المستقیم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما انعمت علیہم کے چاروں فرقوں کے سردار انبیا ہیں انبیا کے سردار مصطفیٰ ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ شیخ محقق نے اخبار الاخیار میں بعض اولیا کی ایک تفسیر بتائی جس میں انہوں نے ہر آیت کو نعت کر دیا ہے میں سورۂ اخلاص بھی داخل۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔